RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۸	مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۱۰ رمضان المبارک سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۴ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ع	جلد ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت پرورش ملازمان مردم شماری	۱ و ۲
۲	اظہار خوشی نسبت چال چلن امپیریل سروس	۲
۳	نقشہ جات وفات نقشہ بارش نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم محکمہ عالیہ ارالانشا باجلاس بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم مورخہ ۱۸ جولائی سنہ ۱۹۱۱ع

ظہری رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر نمبری ۲۸۹ مورخہ ۱۲ مئی سنہ ۱۹۱۱ع بمقدمہ دیے جانے جگہ کے ملازمانِ مردم شماری کو وقت خالی ہونے کے کسی محکمہ میں رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر منظور ہے۔ چونکہ عملہ مندرجہ

فہرست نے اپنا کام محنت و جانفشانی سے انجام دیا۔ لہذا آیندہ جب سررشتہ میں جگہ خالی ہو تب ان اشخاص کا لحاظ کر لیا جائے نقل فہرست ذریعہ نقل حکم ہذا محکمہ صدر کو مرسل ہو۔ معہ فہرست ایک ایک نقل فہرست و حکم ہذا بغرض اطلاع جملہ سکرٹری صاحبان کے پاس مرسل ہو۔

حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

نقل حکم اجلاس ہمایون مع نقل فہرست فائل بک اجلاس ہذا میں چسپان کیجائے اور ایک نقل حکم اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم مع نقل فہرست برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

فہرست ملازمان سررشتہ مردم شماری ۱۹۱۱ء

نمبر شمار	نام ملازم بقید ولدیت و قومیت و سکونت	عہدہ	تنخواہ	کیفیت	نمبر شمار	نام ملازم بقید ولدیت و قومیت و سکونت	عہدہ	تنخواہ	کیفیت
۱	منشی وزیر خان ولد محمد خان قوم پٹھان ساکن رامپور محلہ ...	انسپکٹر سفر الاؤنس	عہ تنخواہ الاؤنس		۶	منگو لال ولد کشن گوپال ساکن رامپور محلہ چاہ شور	محرر	عہ	
۲	بابو ... ولد ... قوم کایستھ ساکن رامپور محلہ چاہ شہر	اسٹنٹ انسپکٹر شہر	عہ		۷	ہدایت اللہ ولد کفایت اللہ قوم شیخ ساکن رامپور محلہ ...	محرر	عہ	
۳	... لال ولد ... قوم کایستھ ساکن رامپور محلہ ...	ناظر	عہ	اس شخص نے کام نظارت و محافظ دفتری و پیشی انجام دیا ہے	۸	نقی احمد خان ولد شفیع احمد خان ساکن رامپور محلہ گھیر تالاب	محرر	عہ	
۴	نظیر احمد خان ولد وزیر خان قوم پٹھان ساکن رامپور محلہ ...	محرر	عہ		۹	اشفاق حسین ولد علی حسین خان ساکن رامپور محلہ ...	محرر	لعہ	
۵	ساتا پرشاد ولد جنگ بہادر ساکن رامپور محلہ زینہ عنایت خان				۱۰	شفیع الرحمن خان ولد ... ساکن رامپور	محرر	سے	یہ شخص ٹونک کو چلا گیا

برگیڈ آرڈر اجلاس کرنل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج
واقع ۱۷ اگست ۱۹۱۱ء

میجر ... صاحب بہادر انسپکٹنگ افسر جناب امپیریل سروس کی چٹھی مورخہ ۱۳ جولائی ۱۹۱۱ء ملاحظہ ہوئی جس سے معلوم ہوا کہ رامپور امپیریل سروس ٹروپس کے افسر اور انکے اردلیوں کا چال چلن سفر جہاز اور قیام ولایت میں عمدہ اور قابل تعریف رہا۔ ہمکو بھی اظہار خوشی کا موقع ہے کہ افسران و اردلیان نے سفر و قیام ولایت میں عمدہ چال چلن اپنا ثابت کیا۔ نقل برگیڈ آرڈر درج گزٹ ہو۔